سوال

(262) کیا ٹوتھ پسٹ کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ٹوتھ پسٹ استعمال کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟ وضاحت سے بیان کریں۔ (آفتاب اقبال (ابوطلحہ) جہلم) (یکم مئی ۱۹۹۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزہ نہیں ٹوٹتا۔ جب لکڑی کی ہر قسم کی مسواک سے خشک ہو یا تر، روزہ میں فرق نہیں آتا تو اس سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا بلکہ روزے کی حالت میں ہانڈی وغیرہ چکھی جا سکتی ہے بشرطیکہ بعد میں تھوک دیا جائے۔

صحیح بخاری، کتاب الصیام کے ترجمة الباب میں ہے:

'لَا بَأْسَ أَنْ یَتَطَعَّمَ الْقِدْرَ أَوِ الشَّیْئَ۔' (صحیح البخاری، بَابُ اغْتِسَالِ الصَّائِمِ، قبل رقم: ۱۹۳۰)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 255

محدث فتویٰ